**06.02.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... اسلم بیگ

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے نویں ''پریکشا پے چرچا'' پروگرام میں طلبا سے بات چیت کی۔ انہوں نے کہا کہ ہر طالب علم کا الگ انداز ہوتا ہے اور یہ اہم ہے کہ تیاری کے اپنے طریقے پر پورا بھروسہ رکھا جائے۔

☆ لوک سبھا کی کارروائی، مختلف معاملات پر، اپوزیشن کے احتجاج کے بعد، دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔

☆ RBI نے، پالیسی ریپو ریٹ میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے اور اِسے پانچ اعشاریہ دو پانچ فیصد پر برقرار رکھا ہے۔

☆ روس اور امریکہ نے پچھلے چار سال کے عرصے میں ایسا پہلی بار ہے کہ اعلیٰ سطح کے فوجی مذاکرات دوبارہ شروع کرنے سے اتفاق کیا ہے۔

☆ 19 سال تک کی عمر کے ODI کرکٹ ورلڈ کپ میں زمبابوے میں فائنل مقابلہ بھارت اور انگلینڈ کے درمیان جاری ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن ایشیا ٹیم چیمپئن شپ میں، بھارت کی خواتین کی ٹیم، کوارٹر فائنل میں چین سے ہارنے کے بعد، چیمپئن شپ سے باہر ہوگئی ہے۔ مردوں کی ٹیم کا مقابلہ آج شام کوارٹر فائنل میں جنوبی کوریا سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM - Pariksha pe Charcha**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ''پریکشا پے چرچا'' کے نویں پروگرام میں طلبا کے ساتھ گفتگو کی اور اُن پر زور دیا کہ وہ خود اعتمادی اور متوازن تیاری کے ساتھ امتحان کا دباؤ دور کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہر طالب علم کا سیکھنے کا ایک الگ انداز ہوتا ہے اور اُنہیں اپنے اساتذہ اور والدین کی مفید رہنمائی کے ساتھ اس پر بھروسہ رکھنا چاہیے۔

**SB - PM Modi PPC Paper Pattern**

انہوں نے کہا کہ اصل اعتماد، آنکھ بند کرکے دوسروں کی نقل کرنے کے بجائے خود سمجھنے اور ساتھ ساتھ مشورہ لینے سے آتا ہے۔ جناب مودی نے ایسی Sure-Shot کتابوں پر بھروسہ کرنے سے بھی خبردار کیا، جن کے ذریعے یہ یقین کرایا جاتا ہے کہ امتحان کی تیاری جلد اور یقینی ہوجائے گی اور جن میں بہت سے سوالات دیے ہوتے ہیں۔

انہوں نے پورے نصاب اور سیکھنے کے زندگی کے اصل طریقے پر توجہ دینے پر زور دیا۔

وزیر اعظم نے اساتذہ سے کہا کہ وہ طلبا کی رفتار کے تئیں حساس رہیں۔ جناب مودی نے اساتذہ سے بھی کہا کہ وہ طلبا کے ساتھ قریبی رابطہ رکھیں، تاکہ جو مقاصد طے کیے گئے ہیں، وہ حاصل کیے جا سکیں۔ انہوں نے تدریس کا موازنہ بوائی سے پہلے مٹّی کو ذرخیز بنانے سے کیا۔

ہنرمندی کے مقابلے نمبروں کے بارے میں ایک طالب علم کے سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ توازن لازمی ہے۔ انہوں نے مطالعے اور اِس کے استعمال کے ذریعے، زندگی اور پیشہ ورانہ ہنرمندی، دونوں کے فروغ پر زور دیا۔ انہوں نے روزمرہ کی زندگی میں ورزش، یوگ، غذائیت، آرام اور دماغی صحت کو شامل کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے مجموعی ترقی پر زور دیا اور کہا کہ زندگی، امتحانات سے کئی زیادہ بڑی ہے۔

انہوں نے کہا کہ تعلیم، زندگی کی تعمیر کرتی ہے، جبکہ امتحانات کے ذریعے، صرف اِس کی جانچ ہوتی ہے۔

جناب مودی نے طلبا سے زور دے کر کہا کہ وہ تجسس برقرار رکھیں، بنیادیں مضبوط کریں، اپنے شوق کو تخلیق کے طور پر ظاہر کریں اور بڑے خواب دیکھیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اصل اعتماد، خود کے ساتھ سچ بولنے سے آتا ہے۔

وزارت تعلیم نے بتایا کہ ساڑھے چار کروڑ سے زیادہ طلبا، اساتذہ اور والدین نے اِس پروگرام میں شرکت کیلئے MyGov پر اندراج کرایا تھا۔ اِس پروگرام کے اجلاس Devmogra، کوئم بٹور، رائے پور، گواہاٹی اور نئی دلّی میں 7-لوک کلیان مارگ پر منعقد کیے گئے۔×

## Pradhan - Pariksha Pe Charcha

وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ پریکشا پے چرچا پروگرام میں وزیر اعظم مودی کے ساتھ بات چیت کرنے سے مختلف عمر کے کروڑوں سیکھنے والوں کو تحریک ملتی ہے۔

نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اِس پروگرام سے طلبا کی ہمت افزائی ہوتی ہے کہ وہ اپنے خیالات کا اظہار کریں اور مجموعی ترقی کی طرف اپنا رخ کریں۔ انہوں نے اِس پروگرام کو ایک منفرد قدم قرار دیا، جس کا طلبا ہر سال انتظار کرتے ہیں۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب پردھان نے کہا کہ یہ پہلے ایک ملک گیر تحریک بن گئی ہے، جس سے ہر ایک بچے کی انفرادیت کی، شناخت اور ایسی پرورش ہوتی ہے، جس میں کوئی خوف نہ ہو۔×

## PM - Shah Post

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ بھارتی حکومت، ناگالینڈ سرکار اور مشرقی ناگالینڈ پیپلز آرگنائزیشن ENPO کے نمائندوں کے مابین، جس معاہدے پر دستخط کیے گئے ہیں، اُس سے لوگوں کو نئے موقع فراہم ہوں گے اور خوشحالی آئے گی۔

وزیر داخلہ امت شاہ نے ایکس پلیٹ فارم پر، ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بتایا ہے کہ جناب مودی نے کہا کہ اِس معاہدے سے، مشرقی ناگالینڈ کی ترقی کی رفتار میں مزید تیزی آئے گی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اِس معاہدے سے شمال مشرق

میں امن اور سب کی شمولیت والی ترقی کے تئیں، حکومت کے پختہ عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔
وزیر داخلہ نے ایک پوسٹ میں اِس معاہدے کو سبھی تصفیہ طلب معاملات کو حل کرکے ایک پُر امن، خوشحال شمال-مشرق کے، وزیر اعظم کے تصور کو پورا کرنے کی جانب ایک بڑا قدم قرار دیا۔×

**LS Adjourn**

اپوزیشن کی جانب سے احتجاج کرنے کے بعد لوک سبھا کی کارروائی پورے دن کیلئے ملتوی کردی گئی۔ پہلی مرتبہ معطل کئے جانے کے بعد دوپہر میں ایوان کی کارروائی جب پھر سے شروع ہوئی تو کانگریس، TMC اور DMK کے ممبران ایوان کے وسط میں جمع ہوکر حکومت کے خلاف نعرے بازی کرنے لگے۔ اسپیکر کی جانب سے اپنی سیٹوں پر واپس جانے کی اپیلوں کے باوجود یہ احتجاج جاری رہا۔ کارروائی میں رخنہ اندازی جاری رہنے کی وجہ سے ایوان کی کارروائی معطل کردی گئی اور مرکزی بجٹ 2026-27 پر بحث نہیں کی جاسکی۔ لوک سبھا کی کارروائی پیر کے روز صبح 11 بجے پھر سے شروع ہوگی۔ اِس سے قبل وقفہ سوالات شروع ہونے پر نعرے بازی کی وجہ سے ایوان کی کارروائی پہلی مرتبہ معطل کی گئی۔
اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ اِس شوروغل کی وجہ سے 19 گھنٹے پہلے ہی برباد ہوچکے ہیں اور اُنہوں نے اپوزیشن پر جان بوجھ کر کارروائی میں رخنہ ڈالنے کا الزام لگایا۔ اُنہوں نے ممبران سے ایوان کے وقار کو قائم رکھنے اور بحث جاری رکھنے کی اپیل کی۔×

**Kiren Rijiju - Congress**

پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے لوک سبھا میں، فوج کے سابق سربراہ جنرل ایم ایم نَروَنے کی غیر شائع شدہ سوانح عمری کے معاملے کو اُٹھانے پر کانگریس رہنما راہل گاندھی کی نکتہ چینی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حساس دفاعی معاملات کو، سیاسی آلۂ کار کے طور پر استعمال نہیں کیا جانا چاہئے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب رجیجو نے کہا کہ NDA حکومت نے Henderson Brooks-Bhagat رپورٹ کو، سابق وزیر اعظم جواہرلال نہرو یا کانگریس رہنما پر نکتہ چینی کیلئے کبھی عام نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دستاویز، جو چین کے ساتھ بھارت کی 1962 کی جنگ کے بعد تیار کیا گیا تھا، اب بھی انتہائی رازدارانہ ہے۔
جناب رجیجو نے کہا کہ رپورٹ میں چین کی PLA کے ہاتھوں شکست کے معاملے پر نہرو حکومت کو ماخوذ کیا گیا تھا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ قومی سلامتی کے معاملات، سیاست سے بالاتر رہنے چاہئے۔×

**RS - Amrit Bharat**

ریلویز کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ 170 ریلوے اسٹیشنوں کی جدید کاری کیلئے نشاندہی کا کام، امرت بھارت اسٹیشن اسکیم کے تحت مکمل ہوگیا ہے، جس میں ایک ہزار 300 اسٹیشنوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔
راجیہ سبھا میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اِس شعبے میں وزیر اعظم مودی کی قیادت میں یکسر تبدیلی کا عمل جاری ہے، جس میں مسافروں کی حفاظت اور بہتر سہولیات پر توجہ دی جارہی ہے۔

رقوم مختص کرنے کے بارے میں جناب ویشنو نے کہا کہ مرکزی بجٹ میں کیرالہ کیلئے تین ہزار 795 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں، جو کانگریس حکومت کے دورانیے میں مختص رقم سے تقریباً 10 گنا زیادہ ہے۔

انہوں نے ریاست سے زور دے کر کہا کہ وہ پروجیکٹ کی بروقت تکمیل کیلئے، زمین حاصل کرنے کے عمل میں تیزی لائیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ریلویز کی صلاحیت میں اضافے کیلئے 5 ہزار 673 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں، جو پہلے کی رقم سے تقریباً 25 گنا زیادہ ہے۔×

## RBI Early

ریزرو بینک آف انڈیا نے، Repo Rate کو سوا پانچ فیصد کی سطح پر برقرار رکھا ہے اور اس میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے۔ ریزرو بینک کے گورنر سنجے ملہوترا نے مالی پالیسی کمیٹی کی تین روزہ میٹنگ کے بعد آج یہ اعلان کیا۔ مالی پالیسی کمیٹی نے متفقہ طور پر شرحوں کو برقرار رکھنے کیلئے ووٹ دیا۔ RBI نے دسمبر 2025 میں ریپوریٹ میں 25 بنیادی پوائنٹس کی کمی کی تھی۔ RBI نے 2026-27 کیلئے CPI افراطِ زر کو پہلی سہ ماہی کیلئے چار فیصد کردیا ہے اور دوسری سہ ماہی کیلئے چار اعشاریہ دو فیصد کیا ہے۔ اِس سے قبل یہ تخمینے تین اعشاریہ نو فیصد اور چار فیصد تھے۔ جناب ملہوترا نے بتایا کہ قیمتی دھاتوں کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے 70-60 بنیادی پوائنٹس کا اضافہ ہوتا ہے۔

ریزرو بینک نے شرحِ ترقی اور افراطِ زر کی شرح کے تخمینے پر نظرثانی کی ہے۔ مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی میں حقیقی GDP کی شرح ترقی کے 6 اعشاریہ 9 فیصد اور دوسری سہ ماہی میں7 فیصد رہنے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔ آر بی آئی Unauthorized ڈیجیٹل لین دین میں صارف کی حد طے کرنے کیلئے ضابطے جاری کرے گا۔ RBI نے کم رقم کی دھوکہ دہی کے معاملوں میں 25 ہزار روپے کے معاوضے کی تجویز بھی رکھی ہے۔ RBI ڈیجیٹل ادائیگی کی حفاظت کیلئے ایک دستاویز بھی جاری کرے گا، جس میں سینئر سٹیزن جیسے صارفین کیلئے منظوری بھی شامل ہوگی۔×

## J&K PMGSY

جموں وکشمیر نے مرکز کے زیر انتظام اپنے حلقے کے ہر گاؤں سے رابطے کیلئے دیہی کنکٹی ویٹی میں ایک بڑی حصولیابی کو عبور کیا ہے۔ یہ بات حکومت نے قانون ساز اسمبلی کو بتائی۔ اعدادوشمار کے مطابق پردھان منتری گرام سڑک یوجنا نے مارچ 2025 تک گاؤں میں 19 ہزار 518 کلو میٹر طویل سڑکیں بنا کر 2 ہزار 132 باشندوں کو کنکٹ کیا ہے، جبکہ چوتھے مرحلے میں مزید 2 ہزار 500 باشندوں کو کنکٹ کیا جائے گا۔ دیہی بنیادی ڈھانچہ ترقیاتی فنڈ کے تحت 2019-20 سے اب تک 5 ہزار 271 کروڑ روپے کی لاگت کے ایک ہزار 161 پروجیکٹوں کو منظوری دی جاچکی ہے۔ مرکزی سڑک اور بنیادی ڈھانچہ فنڈ کے تحت 2020-21 سے ایک ہزار 376 کروڑ روپے کی لاگت کے 83 پروجیکٹوں کو مکمل کیا جاچکا ہے۔

2020-2025 کے درمیان ایک ہزار 46 کروڑ روپے کی لاگت کے 320 پُل تعمیر کئے گئے، جس سے دوردراز کے علاقوں تک پہنچنا آسان ہوگیا۔ افسران نے بتایا ہے کہ بہتر سڑکوں سے زراعت، تجارت، صحت، تعلیم اور مقامی روزگار میں اضافہ ہوتا ہے۔×

**Russia - Ukraine Dialogue**

چار سال سے بھی زیادہ عرصے میں، ایسا پہلی بار ہے کہ امریکہ اور روس نے، دونوں ملکوں کی فوجوں کے درمیان اعلیٰ سطح کے مذاکرات بحال کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ اِس طرح یہ سلسلہ، جو 2021 کے آخر میں معطل ہوگیا تھا، اب دوبارہ شروع ہوگیا ہے۔ یہ سلسلہ یوکرین میں روس کی دراندازی سے پہلے، کشیدگی کے سبب رکاوٹ کا شکار ہوگیا تھا۔
امریکہ کی یوروپی کمان نے کہا ہے کہ دوبارہ شروع کیے گئے مذاکرات سے، لگاتار فوجی رابطے کی یقین دہانی ہوگی، کیونکہ دونوں ہی ملک ایک مستقل امن کی جانب کام کررہے ہیں۔ یہ فیصلہ متحدہ عرب امارات کی راجدھانی میں امریکہ اور روس کے سینئر فوجی افسران کی ایک میٹنگ کے بعد کیا گیا۔×

**Jaishankar India EU Forum**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کہا کہ بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارتی سمجھوتہ فریقین کی ترقی میں بہت بڑا کردار ادا کرے گا۔ نئی دِلی میں بھارت-یوروپی یونین فورم کے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیرموصوف نے سیکورٹی، دفاع، موسمی تبدیلی، ٹیکنالوجی اور ماہرین کے تبادلے جیسی دیگر جہتوں کا بھی ذکر کیا، جو بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر نے امید ظاہر کی کہ یہ فورم بات چیت میں اضافہ کرے گا اور بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان تعلقات میں اضافہ کرے گا۔×

**Badminton Asia Champion Ships**

بیڈمنٹن میں ایشیائی ٹیم چمپئن میں آج Qingdao میں کوارٹر فائنل میں، بھارتی خواتین کی دفاعی چمپئن ٹیم میزبان چین سے صفر کے مقابلے تین سے ہار گئی، جبکہ مردوں کی ٹیم کا مقابلہ جنوبی کوریا سے ہوگا۔×

**U19 Cricket Final**

بھارت اور انگلینڈ کے درمیان زمبابوے کے ہرارے میں انڈر-19 او ڈی آئی کرکٹ عالمی کپ کا خطابی مقابلہ کھیلا جارہا ہے۔ ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت کی ٹیم نے اب سے کچھ دیر پہلے تک 11 اوورز میں ایک وکٹ کے نقصان پر 89 رن بنا لئے تھے۔
اِس سے قبل بھارت دوسرے سیمی فائنل میچ میں افغانستان کو 7 وکٹ سے ہرا کر فائنل میں پہنچا ہے۔ بھارت کی ٹیم اِس ٹورنامنٹ میں کسی سے نہیں ہاری ہے۔×

**RS Farmer ID**

حکومت نے، 8 کروڑ 47 لاکھ کسانوں کو شناختی کارڈ جاری کئے ہیں اور حکومت 27-2026 تک 11 کروڑ کسانوں کو شناختی کارڈ جاری کرنے کا ہدف رکھتی ہے۔
راجیہ سبھا میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے بتایا کہ کسانوں کے شناختی کارڈ

19 ریاستوں میں جاری کئے جارہے ہیں، جس میں اترپردیش، آندھراپردیش، آسام، بہار، گجرات، ہریانہ، کرناٹک، کیرالہ، پنجاب، اوڈیشہ اور تلنگانہ شامل ہیں۔ اُنہوں نے مزید بتایاکہ 2 کروڑ 90 لاکھ کسانوں کو پہلے ہی قومی فصل انشورنس پورٹل سے جوڑ دیا گیا ہے۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ حکومت کی زراعتی پالیسی کسانوں کی آمدنی کو بڑھانے پر توجہ دے گی۔×

**ED Arunachal Pradesh**

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ E D نے اروناچل پردیش میں کئی مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی ہے۔ ٹرانس-اروناچل شاہراہ معاوضہ دھوکہ دہی کے مبینہ معاملے میں کالے دھن کو جائز بنانے کے سلسلے میں یہ کارروائی کی گئی ہے۔ ایجنسی نے جعلی مستفیدین میں سے ایک کے گھر سے دو کروڑ 20 لاکھ نقد رقم بھی ضبط کی ہے۔×

**Sanjay Seth WDS**

دفاعی محکمے کے وزیر مملکت سنجے سیٹھ سعودی عرب میں تیسری عالمی دفاعی نمائش WDS-2026 کیلئے بھارت کے ایک اعلیٰ سطح کے وفد کی قیادت کریں گے۔ اِس 2 روزہ پروگرام میں پوری دنیا کے تقریباً 400 سرکاری اہلکار اور 700 سے زیادہ مندوبین شرکت کررہے ہیں۔ وزارتِ دفاع نے بتایا ہے کہ بھارتی ٹیم میں دفاعی پیداوار اور مسلح افواج کے سینئر افسران شامل ہوں گے۔ جناب سیٹھ اِس نمائش میں بھارتی پویلین کا افتتاح کریں گے۔ بھارتی پویلین 400 اسکوائر میٹر میں پھیلی ہوئی ہوگی، جس میں ملک میں ہی تیار کئے گئے دفاعی سازوسامان اور ٹیکنالوجی کو دکھایا جائے گا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆